عزیز والدین / سرپرست

__________ اسکول پڑھائی کے تمام دنوں میں صحت مند خوارک کا انتخاب پیش کرتا ہے۔ بچے __________ میں دوپہر کا کھانااور __________ میں ناشتہ خرید سکتے ہیں۔ امریکی محکمۂ زراعت کے رہنما اصولوں کے تحت اہلیت کے حامل بچے مفت یا تخفیف شدہ قیمت پر __________ میں دوپہر کا کھانااور __________ میں ناشتہ حاصل کرسکتے ہیں۔ فراہم کردہ تمام خوارکوں کاامریکی محکمۂ زراعت کی طرف سے مقرر کردہ معیارات پر پورااترنا ضروری ہے۔ اگر کسی بچے کو کوئی معذوری لاحق ہے اوراس کا تعین ڈاکٹر نے کردیا ہے اور یہ معذوری بچے کواسکول میں فراہم کردہ عام خوراک کھانے سے روکتی ہے تواسکول ڈاکٹر کی تجویز کردہ متبادل خوراک کا انتظام کریگا۔ متبادل خوارک کی ضرورت ہونے کی صورت میں کوئی اضافی ادائیگی نہیں کرنی پڑے گی۔ تاہم براہِ کرم یہ بات یاد رکھیں کہ اسکول پر خوراک سے ہونے والی کسی الرجی کے لئے متبادل خوراک کاانتظام کرنااس وقت تک لازم نہیں ہوگا جب تک کہ وہ معذوری کی تعریف پر پوری نہ اتر جائے۔ براہِ کرم مزید معلومات کے لئے اسکول سے رابطہ کریں۔

اگر آپ کو فوڈ اسٹامپس، ضرور مند خاندانوں کے لئے عارضی امداد ٹی اے این ایف (TANF) اور انڈین تحفظات پر تقسیم خوارک پروگرام ایف ڈی پی آئی آر (FDPIR) کی مراعات ملتی ہیں تو آپ کا بچہ اسکول سے مفت کھانا حاصل کرسکتا ہے۔ اگر آپ کے خاندان کی مجموعی آمدنی کے چارٹ میں درج آمدنی کے برابر یااس سے کم ہے تو آپ کے بچے کو مفت یا تخفیف شدہ قیمت پر غذا مل سکتی ہے۔

**میں اپنے بچے کے لئے اسکول سے مفت یا تخفیف شدہ قیمت پر غذا کیسے حاصل کرسکتا ہوں؟** آپ کو چاہئے کہ فارم برائے استفادۂ غذا پُر کرکے اسکول کو واپس کردیں۔

- **فوڈ اسٹامپس، ٹی اے این ایف (TANF) یا ایف ڈی پی آئی آر (FDPIR) سے مراعات پانے والے خاندان۔** آپ کو صرف اپنے بچے کا نام اور کیس نمبر شامل کرنا ہوگا اور خاندان کے کسی بالغ فرد کو فارم پر اپنا دستخط کرنا چاہئے۔
- **فوڈ اسٹامپس، ٹی اے این ایف (TANF) یا ایف ڈی پی آئی آر (FDPIR) کے تحت مراعات نہ پانے والے خاندان۔** اگر آپ کے پاس کوئی کیس نمبر نہیں ہے تو آپ کو چاہئے کہ تمام افراد خاندان نام شامل کریں اور گذشتہ ماہ ہر فرد کو ملنے والی تنخواہ کی رقم درج کریں یہ بتاتے ہوئے کہ اس آمدنی کا ماخذ کیا ہے۔ خاندان کے کسی بالغ فرد کو اس فارم پر دستخط کرکے اپنا سوشل سیکیورٹی نمبر لکھنا چاہئے اگر کوئی نمبر نہ ہو تو اس کی وضاحت ہونی چاہئے۔
- **رضاعی بچوں والے خاندان۔** آپ کو چاہئے کہ بچے کا نام اور ذاتی استعمال کی آمدنی کی رقم جو گذشتہ ماہ بچے کو ملتی ہو شامل کریں اور فارم پر کسی بالغ فرد کو دستخط کرنا چاہئے۔

**کیا فارموں کی تصدیق کی جائے گی؟** تعلیمی سال کے دوران کبھی بھی آپ کے استحقاق کی تصدیق کی جاسکتی ہے۔ اسکول کے ذمہ دارن آپ سے ایسا تحریری ثبوت ارسال کرنے کا مطالبہ کرسکتے ہیں جس سے یہ ظاہر ہو کہ آپ کے بچے کو اسکول کی طرف سے مفت یا تخفیف شدہ قیمت پر خوارک فراہم کی جائے۔
**کیا میں اسکول کے فیصلے کے خلاف اپیل کرسکتا ہوں؟** اگر آپ اپنے فارم پر اسکول کے فیصلے سے متفق نہیں ہیں تو آپ اسکول کے ذمہ داران سے گفتگو کرسکتے ہیں۔ آپ مندرجہ ذیل پتے پر لکھ کر یا منصفانہ سماعت کی درخواست بھی کرسکتے ہیں:

__________________________ فون: __________

پتہ __________________________

**کیا میں تبدیلیوں کی اطلاع دے سکتا ہوں؟** اگر آپ کی آمدنی کی وجہ سے آپ کا بچہ مفت یا تخفیف شدہ قیمت پر خوارک حاصل کرتا ہے تو آپ کے خاندان کے افراد کی تعداد میں کمی واقع ہونے یا آپ کی آمدنی میں 50 ڈالر ماہانہ یا 600 ڈالر سالانہ سے زیادہ کا اضافہ ہونے کی صورت میں آپ ہمیں ضرور اطلاع دے دیں۔ اگر آپ کو فوڈ اسٹامپس، ٹی اے این ایف (TANF) یا ایف ڈی پی آئی آر (FDPIR) سے مراعات ملنے کی وجہ سے آپ کا بچہ مفت خوراکیں حاصل کررہا ہے تو اس وقت جب آپ کو یہ مراعات مزید نہ مل رہی ہوں آپ ہمیں مطلع کردیں۔

**کیا میرے فارم پر دی گئی معلومات کو صیغۂ راز میں رکھا جائے گا؟** آپ کے فارم پر درج معلومات کو ہم یہ فیصلہ کرنے کے لئے استعمال کریں گے کہ آیا آپ کے بچے کو مفت یا تخفیف شدہ قیمت پر خوراک دی جانی چاہئے۔ ہم دوسرے تغذیہ اطفال، صحت و تعلیم کے پروگراموں سے وابستہ ذمہ داران کو بھی آپ کے فارم پر درج معلومات سے ان پروگراموں کے لئے مراعات کے تعین یا کفالتی / یا تعلیمی مقاصد کے لئے مطلع کرسکتے ہیں۔

**کیا میں بعد میں مفت اور تخفیف شدہ قیمت کی خوراکوں کیلئے درخواست دے سکتا / سکتی ہوں؟** آپ تعلیمی سال کے دوران کبھی بھی مفت اور تخفیف شدہ قیمت کی خوراکوں کی درخواست دے سکتا / سکتی ہیں۔ اگر آپ فی الوقت استحقاق نہیں رکھتے لیکن کوئی تبدیلی ابھی آپ کے یہاں ہوئی مثلاً خاندان کی آمدنی میں کمی، افرادِ خاندان کی تعداد میں اضافہ، بے روزگاری یا فوڈ اسٹامپس، ٹی اے این ایف (TANF) یا ایف ڈی پی آئی آر (FDPIR) سے مراعات کی منظوری تو آپ فارم برائے استفادۂ طعام پُر کریں۔

آپ کی درخواست کی منظوری یا نامنظوری کے بارے میں ہم آپ کو مطلع کریں گے۔

مخلص،